روزنامہ اذکار
Daily AZKAAR
راولپنڈی اسلام آباد

Wednesday, February 15, 2012

اسلام آباد، عورتوں پر تشدد بارے رپورٹ کے اجراء کے موقع پر عورت فاؤنڈیشن کے عہدیدار خطاب کررہے ہیں

عورت فاؤنڈیشن نے خواتین پر تشدد کی چوتھی سالانہ رپورٹ جاری کردی

سال 2011ء میں پاکستان کے اندر 8539 عورتیں تشدد کا شکار ہوئیں

تشدد کے غیر اندراج شدہ واقعات کی تعداد سندھ میں سب سے زیادہ رہی، رپورٹ

اسلام آباد (اذکار نیوز) عورتوں کے خلاف تشدد کے حوالے سے سال 2011 بھی سنگین رہا جس میں 8,539 عورتیں تشدد کا شکار ہوئیں، جبکہ سال 2010 کے مقابلے میں اس سال ملک بھر میں عورتوں کے خلاف تشدد کے درج شدہ واقعات میں 6.74% (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 68)

بقیہ نمبر 68 — سالانہ رپورٹ

اضافہ ہوا ہے۔ سال 2010 میں عورتوں کے خلاف تشدد کے 8,000 واقعات درج ہوئے۔ عورت فاؤنڈیشن کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق جنسی طور پر ہراساں کرنے کے واقعات میں 48.65% اضافہ ہوا ہے، تیزاب پھینکنے کے واقعات میں 37.5% اضافہ ہوا ہے۔ سال 2009 میں 8,548 واقعات جبکہ سال 2008 میں ان واقعات کی تعداد 7,571 تھی۔ عورتوں کے خلاف تشدد کی صورتِ حال تھوڑی بہت کمی بیشی کے ساتھ، عموماً ایک جیسی رہی۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ غیرت کے نام پر قتل کرنے کے واقعات میں 26.57% اضافہ، جبکہ گھریلو تشدد کے واقعات میں 25.51% اضافہ ہوا ہے۔ تشدد کے کل 8539 واقعات میں سے 6745 واقعات کے خلاف ایف آئی آر درج کی گئی، 911 واقعات کا اندراج نہیں کیا گیا، جبکہ 883 واقعات میں کسی قسم کی معلومات نہیں ہیں۔